بسم اللہ الرحمن الرحیم

یاحسن یاعلي یامحمد یافاطمة یاحسين

# میرے بھائی رضا

یا رضا یا رضا – یا غریب الغرباء – یا معین الضعفاء – یا رضا یا رضا بھائی رضا بھائی رضا

میرے بھائی رضا – میرے بھائی رضا – میرے بھائی رضا – میرے بھائی رضا

چھوڑکر اپنا وَطن – ملنے آئی ہے بہن – رو کے دیتی ہے صدا – میرے بھائی رضا

تیری خاطر اے اخی – مانند بنت علی – میں بھی جنگل میں پھری

تم بھی سجاد بنو – زخم خاروں کے گنو – میرے پیروں میں ذرا – میرے بھائی رضا

تو جو پردیسی ہوا – میں نے بھی بھائی رضا – وَادئے قم کو چنا

بے وَطن میں بھی ہوی – ایک بس تو ہی نہیں – اے غریب الغرباء

زہر حاکم نے دیا – جب سے میں نے یہ سنا – دم سا گھٹتا ہے میرا

ایسا لگتا ہے میرے – دل کے ٹکڑے سے ہوئے – اب تو جینا ہے قضا – میرے بھائی

کلام : حسنین اکبر

شکر مولا

نوحہ خواں : عباس بندے علی

بسم الله الرحمن الرحيم

ياحسن ياعلي يامحمد يافاطمة ياحسين

بول کاظم کے پسر - تیرے مرنے کی خبر - کیسے لے جاؤنگی گھر
ماں وَطن میں جو تیرا - راہ تکتی ہے اسے - کیا بتاؤنگی بتا - میرے بھائی رضا

لاش موجود نہ تھی - وَرنہ ضد کرتی یہی - آخری بار سہی
مجھ کو شبیر سمجھ - اوَر خود فاطمہ بن - اٹھ کے سینے سے لگا - میرے بھائی رضا

ایک حسرت ہے یہی - اس حکومت میں تیری - قبر بن جائے میری
آج کی فاطمہ ہو - کل کی معصومۂ قم - کر لے منظور دعا - میرے بھائی رضا

قم کے لوگوں یہ میرے - اشک رکتے ہیں کہاں - اب رہیں گے یہ روَاں
میری تربت پہ کبھی - آ کے سن لینا سبھی - آئے گی میری صدا - میرے بھائی رضا

کلام : حسنین اکبر

شکر مولا

نوحہ خواں : عباس بندے علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یاحسن　یاعلي　یامحمد　یافاطمة　یاحسین

بی بی نے بندے علی – بین اک ایسا کیا – بھائی کا نام لیا

دیکھ کر سوئے فلک – بند آنکھوں کو کیا – رو کے اکبر یہ کہا – میرے بھائی رضا

کلام : حسنین اکبر　شکر مولا　نوحہ خواں : عباس بندے علی